Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۰ صفر سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء	نمبر ۴۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر ممبر صاحبان کونسل خاندان ...	۲
۲	رخصت صاحب پرائیوٹ سکرٹیری بہادر ...	۲
۳	رخصت کپتان صاحب توپخانہ ...	"
۴	نسبت مطالعہ دفعات قانون شہادت ...	"
۵	رخصت صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکرٹیری بہادر ...	"
۶	رخصت نائب تحصیلدار صدر تحصیل ...	"
۷	" منصرم نقول ...	"
۸	" صاحب مجسٹریٹ ضلع ...	"
۹	" افسر صاحب باورچیخانہ ...	"
۱۰	نقشہ بارش نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر اسلوبی کار منظور کیا جاتا ہے کہ آئندہ کونسل خاندان میں تین ممبر رہیں جو حسب ذیل کام انجام دیگر -

۱- کرنل صاحبزادہ سید سجاد علی خان بہادر - ہوم سکرٹیری -

۲- صاحبزادہ سید محمود علی خان بہادر - پرائیوٹ سکرٹیری -

۳- صاحبزادہ سید مصطفےٰ علی خان بہادر - حاکم صدر -

حکم ہوا کہ

احکام جاری ہون - درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۳ / ستمبر ۱۹۲۲ء

حاجی حافظ محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیوٹ سکریٹری کی میعاد رخصت ختم پر ہے لہذا بنظر مناسب چھ ماہ کی رخصت مزید تاریخ ختم رخصت سابقہ سے بانتظام موجودہ منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ سررشتہ صدر سے جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم
رخصت
۲۲ / ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج - سات روز کی رخصت کپتان حسینا تورچشانہ کی بغرض روانگی کو منصوری منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۹ / ستمبر ۱۹۲۲ء

قانون شہادت کے دفعات ۱۰۱ و ۱۰۲ و ۱۰۳ کو اگر ایک نظر دیکھ لیا جائے تو یہ سب دقتیں رفع ہوتی رہیں اور بار ثبوت ٹھیک عائد کیا جائیگا کوئی الجھن ہی پیدا نہو۔ ناظم صاحب نے جو نوٹ لکھا ہے مناسب ہے۔ سب اسسٹنٹ کلکٹرونکے پاس نقول تعمیلاً بھیجی جائین کہ اس ہدایت کی پابندی کے عادی ہون۔

حکم ہوا کہ

حسب نقول ہدایت احکام ضابطہ تمام اسسٹنٹ کلکٹرونکے نام تعمیلاً جاری ہون

نقل نوٹ ناظم صاحب

عموماً مقدمات مال مین یہ دیکھنے مین آیا ہے کہ بار ثبوت امور تنقیح طلب کا صحیح طور پر عائد نہین کیا جاتا اسلئے وہ پارٹی جو دراصل مستحق ثبوت ہی محفوظ رہتی ہے اور دوسرا فریق بلا سبب پابند کیا جاتا ہے۔ یہ بھی دیکھنے مین آیا ہے کہ نفی کا ثبوت طلب کیا جاتا ہے حالانکہ نفی کا اثبات ناممکن ومحال ہے۔ اسلئے ضرورت ہے کہ بتلا دیا جائے کہ بار ثبوت کسپر عائد ہوتا ہے دفعہ ۱۰۱ قانون شہادت کے موافق جو فریق عدالت سے کسی فیصلہ صادر ہونے کی درخواست کرے اسی شخص کو لازم ہے کہ اس واقعہ کا وجود ثابت کرے اور اسی کو بار ثبوت کہتے ہین۔ دفعہ ۱۰۲ قانون شہادت کی رو سے بار ثبوت ہر مقدمہ مین اس شخص پر عائد ہوتا ہے جو مطلق شہادت نہ گزرنیکی حالت مین مقدمہ ہار جائے۔ دفعہ ۱۰۳ قانون شہادت کے بموجب بار ثبوت نسبت ہر خاص واقعہ کے اس شخص پر عائد ہوتا ہے جو اسکے وجود کو باور کرانا چاہے۔ یہ عام اصول قانون شہادت کا ہے جسکو دستور عامہ مین اختیار کیا گیا ہے اور کوئی مقدمہ اس اصول سے باہر نہین ہوسکتا مگر ایک مقدمہ بید علی مین ایک عدالت نے یہ تنقیح کی ہے کہ آیا مدعی ہے اندراج آراضی لگانی متدعویہ بشکایت مدعا علیہ غیر دخیلکار ہے یا مدعا علیہ آسامی دخیلکار ہے (ثبوت بذمہ مدعی و تردید بذمہ مدعا علیہ) اسمین اصول کی غلطی ہے دو مختلف امور کی ایک ہی تنقیح رکھی گئی ہے اور دو مختلف باتونکا بار ثبوت ایک ہی فریق پر ڈالا گیا ہے۔ صحیح اور مناسب تنقیح یہ ہوسکتی ہے کہ آراضی متنازعہ کا مدعا علیہ آسامی غیر دخیلکار ہے یا نہین - کیونکہ مجرد آسامی غیر دخیلکار ثابت ہونیکی حالت مین مدعی مقدمہ ہار جائیگا اور یہ امر کہ مدعا علیہ آسامی دخیلکار ہے اسکا بار ثبوت مدعا علیہ پر ہے جو دخیلکاری کے وجود کو باور کراتا ہے لیکن مقدمہ کا تصفیہ صرف اسی امر پر ہوسکتا ہے کہ آراضی متنازعہ کا مدعا علیہ آسامی غیر دخیلکار ہے یا نہین - مدعی کے ثبوت کے ساتھ ہی ساتھ عدالت اس تردید کو بھی ملاحظہ کریگی جو مدعا علیہ پیش کریگا - مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بشرط پسند حضور ریونیو سکریٹری بہادر ضروری احکام ہدایتی جاری کئے جائین اور یہ نوٹ باجلاس صاحب ممدوح پیش ہو۔ ۵ / ستمبر ۱۹۲۲ء

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت
۱۹ / ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون رخصت پندرہ یوم صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر کی منظور ہوئی - تاختم رخصت صاحب موصوف تعلق کار ناظم سے رہیگا۔

۱۹ / ستمبر ۱۹۲۲ء

بربنا رپورٹ تحصیلدار صاحب تحصیل ٹانڈہ ناظم صاحب منشی وزیر علیخان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی رخصت ۱۹ یوم ۲ / ستمبر ۱۹۲۲ء سے ۲۰ / ستمبر تک منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت
۱۹ / ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر مزید رخصت دو ہفتہ منصرم نقول حسب انتظام مجوزہ صاحب موصوف منظور کی گئی۔

۱۹ / ستمبر ۱۹۲۲ء

صاحب مجسٹریٹ ضلع کی رخصت ۱۵ یوم بغرض شرکت چہلم ہمشیرہ خود ۳ / اکتوبر ۱۹۲۲ء سے منظور ہوئی - ایام رخصت مین صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کام کرینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
رخصت
۱۸ / ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب منشاء عالی اجلاس ہمایون - سید ابراھیم صاحب افسر باورچیخانہ کی چار یوم کی رخصت ۱۶ / ستمبر ۱۹۲۲ء سے منظور ہوئی - ایام رخصت مین مہتمم توشہ خانہ صاحب موصوف کا کام کرینگے۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء لغایت ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

تاریخ و دن	صدر تحصیل		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء یکشنبہ	۰	۶۶۵	۰	۹۱۱	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۸۴۱	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۵۴۳
۲۵ ؍؍ ؍؍ ؍؍ دوشنبہ	۰	۶۶۵	نقشہ نہیں آیا	۰	؍؍	۰	۰	۸۴۱	؍؍	۰	۰	۵۴۳
۲۶ ؍؍ ؍؍ ؍؍ سہ شنبہ	۰	۶۶۵	؍؍	۰	؍؍	۰	۰	۸۴۱	؍؍	۷۶۰	۰	۵۴۳
۲۷ ؍؍ ؍؍ ؍؍ چہارشنبہ	۰	۶۶۵	؍؍	۰	؍؍	۰	۰	۸۴۱	؍؍	۰	۰	۵۴۳
۲۸ ؍؍ ؍؍ ؍؍ پنجشنبہ	۰	۶۶۵	؍؍	۰	؍؍	۰	۰	۸۴۱	؍؍	۰	۰	۵۴۳
۲۹ ؍؍ ؍؍ ؍؍ جمعہ	۰	۶۶۵	؍؍	۰	؍؍	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	؍؍	۰	۰	۵۴۳
۳۰ ؍؍ ؍؍ ؍؍ شنبہ	۰	۶۶۵	؍؍	۰	؍؍	۰	؍؍	۰	؍؍	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۵ لغایت یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۱۰۵ ار		۱۰۵ ار		۱۰۴ ار	
نخود خالص		۹ ار		۱۰۲ ار		۸ ار	
نخود کسر ایر		۱۰۱ ار		۸۰ ار		۹ ار	
[illegible]		۰		۹۸ ار		۱۰۹ ار	
ماش		۱۰۵ ار		۱۰۵ ار		۹ ار	
مونگ		۵ ار		۵ ار		۵ ار	
مرچ		۰		۸ ار		۵ ار	
جوئی		۰		۱۰ ار		۰	
کودی		۰		۹ ار		۷ ار	
عدس		۰		۹ ار		۷ ار	
ارہر		۱۰ ار		۱۰ ار		۱۰ ار	
برنج		۳ ار		۳ ار		۳ ار	
روغن زرد		[illegible]		[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ		[illegible]		۱ ار		[illegible]	
روغن کنجد		۱ ار		[illegible]		۱ ار	
نمک سانبھر		۱۰ ار		۱۰ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری		۶ ار		۵ ار		۶ ار	
قند سیاہ		۳ ار		۳ ار		۳ ار	
باجرہ				۶ ار			